Hamid/ Shabbir

07-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی آج بہار میں Nawada میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ جبل پور میں ایک روڈ شو کے ساتھ مدھیہ پردیش میں لوک سبھا چناؤ کیلئے بی جے پی کی مہم کا بھی آغاز کریں گے۔

2 قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے 2022 کے دھماکہ معاملے کے سلسلے میں مغربی بنگال کے مشرقی Medinipur ضلع میں Bhupatinagar سے دو اہم مشتبہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔

3 بھارتی ساحلی محافظوں نے خلیج بنگال میں آندھراپردیش ساحل سے دور 9 ماہی گیروں کو بچالیا ہے۔

4 محکمۂ موسمیات IMD نے آج مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال اور اڈیشہ میں بارش کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں، کل رات جے پور میں راجستھان رائلز نے رائل چیلنجرس بنگلورو کو چھ وکٹ سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Bihar PM Rally

سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی آج بہار کے نوادہ میں ایک انتخابی ریلی منعقد کریں گے اور وہ NDA کے امیدوار کی حمایت میں آج صبح گیارہ بجے ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ بی جے پی کے لیڈروں کے ساتھ NDA کی دیگر حلیف جماعتوں کے ممبران بھی اِس ریلی میں شرکت کریں گے۔
بہارمیں ایک ہفتے کے اندر وزیراعظم کی یہ دوسری چناؤ ریلی ہے۔ اِس سے پہلے چار اپریل کو وزیراعظم نے جموئی حلقے سے NDA کی لوک سبھا چناؤ مہم کا آغاز کیا تھا۔ نوادہ پارلیمانی حلقے سے بی جے پی نے وویک ٹھاکر کو کھڑا کیا ہے، جو سینئر بی جے پی لیڈر اور سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر سی پی ٹھاکر کے بیٹے ہیں۔

نوادہ میں وزیراعظم کے پروگرام کے پیش نظر حفاظت کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ لوک سبھا چناؤ کے پہلے مرحلے کے تحت گیا، اورنگ آباد اور جموئی کے ساتھ ساتھ نوادہ لوک سبھا حلقے میں 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

**PM Madhya Pradesh**

وزیراعظم نریندر مودی آج مدھیہ پردیش کے جبل پور میں بھی چناؤ مہم کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی جبل پور میں ایک روڈ شو میں شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

***V/C Sanjeev Sharma***

*سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی آج مدھیہ پردیش میں اپنی انتخابی مہم کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی شام چھ بجے بھگت سنگھ چوک سے Shankaracharya چوک تک تقریباً ایک گھنٹے کیلئے اِس روڈ شو کی قیادت کریں گے اور اُسی وقت ہی BJP میں حال ہی میں شامل ہونے والی ٹیم کے کنوینر نروتم مشرا نے دعویٰ کیا ہے کہ بی جے پی کے یوم تاسیس کے موقع پر ایک دن میں ایک لاکھ 25 ہزار لوگوں نے بی جے پی میں شامل ہوئے۔ اُن میں سب سے زیادہ تعداد کانگریس سے آنے والے لیڈروں کی ہے۔ اِس دوران کانگریس کی طرف سے مُرینہ، گوالیر اور کھنڈوا کیلئے باقی تین امیدواروں کے اعلان کے ساتھ مدھیہ پردیش میں 29 حلقوں میں سے 28 سیٹوں پر چناؤ لڑنے کی تصویر واضح ہوگئی ہے۔*

*جبکہ ساجوادی پارٹی کے امیدوار کے نامزدگی پرچہ مسترد ہونے کی وجہ سے کھجوراہو سیٹ پر تذبذب برقرار ہے۔ مدھیہ پردیش میں پہلے اور دوسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم میں شدت بھی آگئی ہے۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

**Amit Shah-Congress**

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر داخلہ امت شاہ نے کل جے پور میں ایک ریلی کے دوران جموں وکشمیر پر کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے کے بیان پر سخت تنقید کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ یہ سننا شرمناک ہے کہ کانگریس پارٹی پوچھ رہی ہے کہ کشمیر سے کیا رشتہ ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ وہ کانگریس پارٹی کو یاد دلانا چاہیں گے کہ جموں وکشمیر بھارت کا اٹوٹ حصہ ہے اور ہر ریاست اور شہری کا جموں وکشمیر پر ویسا ہی حق ہے جیسا جموں وکشمیر کے لوگوں کا باقی بھارت پر ہے۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس کو یہ نہیں پتہ کہ کشمیر میں امن و سلامتی کی خاطر راجستھان کے کئی بہادر بیٹوں نے اپنی جان کی قربانی دی ہے۔

انھوں نے کہا کہ اس طرح کے بیانات سے ہر اُس محبّ وطن شہری کے جذبات کوٹھیس پہنچتی ہے جو ملک کے اتحاد اور یکجہتی کی پرواہ کرتا ہے۔

**Nadda Kozikode**

بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے کل رات کیرالہ کے، کوزی کوڈ میں ر کوزی کوڈ پارلیمانی حلقے کے پارٹی امیدوار **M.T.Ramesh** کی حمایت میں ایک روڈ شو کیا۔ اس روڈ شو کے اختتام پر پارٹی ورکروں سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈّا نے کہا کہ اپوزیشن کی صفحوں میں قائدین کی کمی ہے اور وہ قائدین سے محروم ہیں کیونکہ ان کے لیڈر یا توجیل میں ہیں یا ضمانت پر ہیں۔

یہ بتاتے ہوئے کہ کیرالہ میں **UDF** اور **LDF** دونوں ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ دونوں ہی پارٹیوں کو صرف بدعنوانی میں دلچسپی ہے۔

بی جے پی نے کہا کہ ریاست میں اس وقت لوٹ کا ماحول ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حالانکہ دونوں ہی مقامی سطح پر پارٹیاں ایک دوسرے کے خلاف صف آرا ہیں لہذا قومی سطح پر ان کا ایک دوسرے سے ہاتھ ملانا، نظریاتی اختلاف اور فریب کو ظاہر کرتا ہے۔

انھوں نے کہا کہ گذشتہ دس سال کے دوران وزیراعظم نریندر مودی نے نوجوانوں، خواتین، کسانوں اور دیگر محروم طبقوں سمیت معاشرے کے سبھی طبقوں کا خیال رکھا۔

**Telangana Jana Yatra**

کانگریس پارٹی نے کل شام ریاستی راجدھانی حیدرآباد سے 40 کلو میٹر دور **Thukkuguda**، **Rana Reddy** ضلع میں 'جَن یاترا' کے عنوان سے ایک بڑی عوامی میٹنگ کے ساتھ تلنگانہ سے اپنی چناوٴ مہم شروع کردی ہے۔ تیلگو زبان میں پارٹی کا انتخابی منشور جاری کرنے کے بعد ایک جلسہٴ عام سے خطاب کرتے ہوئے راہل گاندھی نے زور دیتے ہوئے کہاکہ کانگریس پارٹی کا عزم اپنے اُن وعدوں کو پورا کرنا ہے جو اس نے تلنگامہ میں اسمبلی انتخابات کے دوران کیے تھے۔ راہل گاندھی نے اُن وعدوں کو پورا کرنے کا عزم کیا۔ روزگار فراہم کرنے کی کوششوں کو اجاگر کرتے ہوئے راہل گاندھی نے کہاکہ تلنگانہ میں کانگریس حکومت پہلے ہی 30 ہزار ملازمتیں دے چکی ہے اور مستقبل میں روزگار کے مزید مواقع فراہم کرنے کے منصوبے ہیں۔

**Jaipur Election Campagning**

راجستھان میں لوک سبھا الیکشن ڈیوٹی میں مصروف اہلکاروں کے لیے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا عمل شروع ہوگیاہے۔ چیف الیکٹورل آفیسر پروین گپتا نے کہا کہ لوک سبھا انتخاب کی ڈیوٹی میں مصروف 3 لاکھ 76 ہزار افسران اور

ملازمین کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔
کُل سبھی ضلعوں میں قائم کیے گئے مراکز میں 20 ہزار 751 اہلکاروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔
دوسری طرف ریاست میں انتخابی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں:
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

***V/C Jitendra Dwivedi***

*ریاست میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ کانگریس اور BJP نے چناؤ مہم کیلیے اپنے اپنے سینئر رہنماؤں کو میدان میں اتارا ہے۔ وزیر دفاع اور BJP کے رہنما راج ناتھ سنگھ آج بیکانیر کے Kolayat اور جھنجھو ضلعے کے پلانی ضلع میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ تین لوک سبھا انتخابی حلقوں میں BJP کے امیدواروں کے لیے عوامی جلسے کریں گے۔ کانگریس کی طرف سے ریاست کے سابق وزیراعلیٰ اشوک گہلوت اور ریاستی صدر Govind Singh Dotasara مختلف مقامات پرپارٹی کے امیدواروں کی حمایت میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے*

*جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............*

**MP Key Constituteency**

اہم انتخابی حلقوں سے متعلق سیریز میں آج ہم مدھیہ پردیش کے Mandla انتخابی حلقے کا ذکر کریں گے۔ Mandla میں پہلے مرحلے میں 19 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

***V/C Sanjeev Sharma***

*مدھیہ پردیش میں قبائلی آبادی کی اکثریت والی Mandla سیٹ درجہ فہرست قبائل کے لیے مخصوص ہے۔ اس کی خاص بات یہ ہے کہ یہاں خواتین ووٹروں کی تعداد مرد ووٹروں سے زیادہ ہے۔ Mandla انتخابی حلقے میں چار ضلعوں میں آٹھ آسمبلی سیٹ ہیں۔ یہاں 20 لاکھ 97 ہزار 51 ووٹرس ہیں، جن میں 10 لاکھ 48 ہزار 96 مرد ووٹرس جبکہ 10 لاکھ 48 ہزار 930 خواتین ووٹرس ہیں۔ یہاں 25 تیسری وصنف کے ووٹرس بھی ہیں۔*

*Mandla سیٹ کے لیے 14 امیدوار میدان میں ہیں، دیہی ترقی اور اسٹیل سے متعلق مرکزی وزیرمملکت Faggan Singh Kulaste بی جے پی کی طرف سے امیدوار ہیں۔ کانگریس نے کمل سنگھ Maravi کوٹکٹ دیا ہے۔*

*BSP ،بھارتیہ آدی واسی پارٹی ، **Gondwana Ganatantra Party***
*اور سات آزاد امیدوار بھی میدان میں ہیں۔ پچھلے لوک سبھا چناؤ میں جناب*
***Kulaste** تقریباً ایک لاکھ ووٹوں کے فرق سے جیتے تھے۔ **Mandla** پارلیمانی*
*حلقے میں پہلے مرحلے میں 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔اس لیے سبھی پارٹیوں*
*کے سرکردہ مہم کار چناؤ مہم میں سرگرم عمل ہیں۔*
*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....................*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**NIA WB**

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے 2022 کے دھماکہ معاملے کے سلسلے میں مغربی بنگال کے مشرقی Medinipur ضلع میں Bhupatinagar سے دو اہم مشتبہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ NIA نے کہاہے کہ بھوپتی نگر دھماکے کے معاملے میں ایک اہم کامیابی کے طور پر سازش کرنے والے دو کلیدی ملزموں Balai Charan Maity اور Manobrata Jana کو پانچ مقامات پر تلاشی کی زبردست کارروائیوں کے بعد گرفتار کیاگیا ہے۔ تین دسمبر 2022 کو اِس دھماکے میں تین افراد ہلاک ہوگئے تھے۔

NIA کی ٹیم پر جو اہم ملزموں کو گرفتار کرنے گئی تھی، کل بھوپتی نگر میں ایک ہجوم کی طرف سے حملہ کیا گیا۔ NIA نے کہاہے کہ اِس حملے میں اُس کا ایک افسر زخمی ہوگیا اور حملے میں ایک گاڑی کو نقصان پہنچایا گیا۔

گورنر CV Ananda Bose نے کہاہے کہ اِس معاملے کو پوری طرح سے سنجیدگی کے ساتھ لیا جانا چاہیے اور اِس کے بارے میں ریاستی سرکار کی طرف سے ایک حقیقی رپورٹ طلب کی گئی ہے۔ اپوزیشن بی جے پی نے الزام لگایاکہ یہ حملہ ریاستی سرکار کی ایما پر کیا گیا تھا اور انہوں نے وزیراعلیٰ ممتابنرجی پر تشدد بھڑکانے کا الزام لگایا۔

**Coast Guard Rescue**

بھارتی ساحلی محافظ کے جہاز آئی سی جی ایس ویرا نے جمعہ کے روز خلیج بنگال میں آندھرا پردیش کے ساحل سے دور 9/ ماہی گیروں کی جان بچائی۔ یہ ماہی گیر سمندر میں اپنی کشتی میں آگ لگنے اور غرقاب ہونے کے بعد شدید زخمی ہو گئے تھے۔

وزارت دفاع نے ایک بیان میں کہا کہ صورتحال کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے آئی سی جی ایس ویرا بحری جہاز چند گھنٹوں میں اُس جگہ پہنچ گیا تاکہ ماہی گیروں کو مدد فراہم کی جا سکے۔

بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ سبھی 9 ماہی گیروں کو آئی سی جی ایس جہاز پر پہنچایا گیا، جہاں ایک طبی ٹیم نے اُن کا فوری علاج شروع کیا۔ بعد میں انھیں مزید علاج کے لیے وشاکھا پٹنم کے KING GEORGE اسپتال منتقل کردیا گیا آئی سی جی ایس جہاز کے فوری اقدام کی وجہ سے یہ بچاؤ مشن چند گھنٹے کے اندر مکمل کرلیا گیا۔

بھارتی ساحلی محافظ سمندر میں ماہی گیروں کو مدد فراہم کرنے والی اہم ایجنسی ہے۔ نیز، یہ سمندر میں تلاش اور بچاؤ کے لیے قومی رابطہ کار ایجنسی ہے۔

**IMD Weather**

محکمۂ موسمیات IMD نے آج مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال اور اڈیشہ میں بارش کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے مختلف حصوں میں بجلی گرنے، دھول بھری آندھی اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے ساتھ معتدل بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ شمال مشرقی بھارت میں بھی 50 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار تک دھول بھری آندھی چلنے کے ساتھ اگلے چھ دن کے دوران اسی طرح کے موسمی حالات رہیں گے۔ مشرقی بھارت میں کل تک مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور بہار میں بھی اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ مغربی اور جنوبی بھارت میں آج آندھرا پردیش میں بھی اسی طرح کے موسمی حالات رہیں گے۔ تمل ناڈو، پڈوچیری اور تلنگانہ میں کل اور مہاراشٹر اور کیرالہ میں اِس ماہ کی 12 تاریخ تک اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ اِس دوران محکمۂ موسمیات نے آج اور کل مشرقی حصوں اور جزیرہ نما بھارت میں گرم ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔

**IPL**

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے رائل چیلنجرس بنگلور کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔ اس سے پہلے راجستھان کے سامنے جیت کیلئے 184 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا جسے اس نے 19 اوورس اور ایک گیند میں 4 وکٹ پر ایک سو نواسی رن بناکر حاصل کرلیا۔

راجستھان کیلئے Jos Buttler نے سنچری بنائی اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔ انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رائل چیلنجرس بنگلور نے مقررہ 20 اوورس میں تین وکٹ پر 183 رن بنائے تھے۔ رائل چیلنجرس بنگلور کی طرف سے وراٹ کوہلی نے شاندار بلے بازی کرتے ہوئے 113 رن بنائے۔

آج ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلز سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا، جبکہ لکھنؤ میں بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی ایکانا اسٹیڈیم میں لکھنؤ سُپر جائنٹس کا سامنا گجرات جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... قونین حیدر
شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔
روزنامہ ملاپ نے بی جے پی کے یوم تاسیس کے موقع پر دیے گئے وزیراعظم کے اِس بیان کو نمایاں کیا ہے، جس میں انہوں نے کہاکہ پارٹی کے کروڑوں کارکنوں کی ثابت قدمی کی بدولت، بھارتیہ جنتا پارٹی ہم وطنوں کی خواہشات اور خوابوں کی علامت بن گئی ہے۔
اسی اخبار نے مسلح افواج کو حاصل خصوصی اختیارات سے متعلق ایکٹ، **AFSPA** کے حوالے سے دیے گئے راجناتھ سنگھ کے بیان کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کرتے ہوئے لکھا ہے، جموں وکشمیر سے **AFSPA** کو ہٹایا جاسکتا ہے۔ وادی میں ایسا ماحول بن چکا ہے، لیکن حتمی فیصلہ وزارت داخلہ ہی کرے گی۔
روزنامہ انقلاب نے چیف جسٹس آف انڈیا کے بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے، جس میں انہوں نے زور دے کر کہاہے کہ وکلاء اور جج صاحبان کو آئین کے تئیں وفادار ہونا چاہیے۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا کے عالمی صفحے کی سرخی ہے، حماس کو یرغمالیوں کو رہا کرنے پر مجبور کیا جائے، امریکی صدر جوبائیڈن کا بیان۔
اخبار کی دوسری اہم سرخی ہے، آٹھ اپریل کو ہوگا مکمل سورج گرہن۔
روزنامہ پرتاپ کے کھیل کے صفحے کی سرخی ہے، ٹی-ٹوینٹی ورلڈ کپ، اسٹار کھلاڑی کھیلنے کیلئے پوری طرح تیار۔ اس بار یکم جون سے شروع ہونے والے کپ کی میزبانی امریکہ اور ویسٹ انڈیز مشترکہ طور پر کر رہے ہیں۔ **x**

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

**1** سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی آج بہار میں **Nawada** میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ جبل پور میں ایک روڈ شو کے ساتھ مدھیہ پردیش میں لوک سبھا چناؤ کیلئے بی جے پی کی مہم کا بھی آغازکریں گے۔

**2** قومی تحقیقاتی ایجنسی **NIA** نے **2022** کے دھماکہ معاملے کے سلسلے میں مغربی بنگال کے مشرقی **Medinipur** ضلع میں **Bhupatinagar** سے دو اہم مشتبہ افراد کو گرفتار کیاہے۔

**3** بھارتی ساحلی محافظوں نے خلیج بنگال میں آندھراپردیش ساحل سے دور **9** ماہی گیروں کو بچالیا ہے۔

4 محکمۂ موسمیات IMD نے آج مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال اور اڈیشہ میں بارش کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں، کل رات جے پور میں راجستھان رائلز نے رائل چیلنجرس بنگلورو کو چھ وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------